بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# نقلی ناخن لگانے اور نماز پڑھنے کا حکم

**سوال:**

استاذ محترم متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

1: کیا خوبصورتی کے لیے پلاسٹک کے نقلی ناخن لگانا جائز ہے؟

2: کیا ان ناخنوں کو لگا کر نماز ہو جائے گی؟

انتہائی ادب سے التماس ہے کہ اس بارے میں راہنمائی کیجیے! جزاکم اللہ خیراً

**سائل: ازکیٰ حنفی**

**جواب:**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

[1]: زیب وزینت کے لیے مصنوعی ناخن لگانا جائز اور درست ہے لیکن شرط یہ ہے کہ خاوند کے لیے ہو اور دکھلاوا اور دوسری عورتوں کو نیچا دکھانا مقصود نہ ہو!

[2]: مصنوعی ناخن ایک خاص قسم کے کیمیکل کے ذریعے انگلیوں پر لگایا جاتا ہے۔ اس کیمیکل کی موجودگی میں وضو کرتے ہوئے پانی جلد تک نہیں پہنچتا۔ اس سے وضو نہیں ہوتا اور ظاہر ہے کہ نماز بھی نہ ہوگی۔ اس لیے نماز کی ادائیگی کے لیے پہلے ان ناخنوں کو اتارنا ضروری ہے۔

**واللہ اعلم بالصواب**

محمد الیاس گھمن

**25-جنوری 2021ء**